حیسکو پریس ریلیز مورخہ :08.09.2026

بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن لیاقت کالونی، رضوی اسپتال، ٹنڈو الہیار-I، شہباز، ٹنڈو محمد خان-I، سجاول، دوڑ، شاہ پور چاکر اور سیٹلائٹ ٹاؤن میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 294 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے، 45 عدد میٹر اتار لیے گئے، 2515 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 40 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔

19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 71927 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے جا چکے ہیں جبکہ 1050 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3848 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کئے گئے، 399726 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 869 ٹرانسفارمرز منقطع کئے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 46 کروڑ 19 لاکھ 6 ہزار سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن لیاقت کالونی، رضوی اسپتال، ٹنڈو الہیار-I، شہباز، ٹنڈو محمد خان-I، سجاول، دوڑ، شاہ پور چاکر اور سیٹلائٹ ٹاؤن میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 294 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے، 45 عدد میٹر اتار لیے گئے، 2515 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 40 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی، 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 71927 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے جا چکے ہیں جبکہ 1050 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3848 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کئے گئے، 399726 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 869 ٹرانسفارمرز منقطع کئے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 46 کروڑ 19 لاکھ 6 ہزار سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد سرکل عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویزن لطیف آباد (ون) کی سب ڈویزن رضوی اسپتال، ڈویزن گاڑی کھاتہ کی سب ڈویزن لیاقت کالونی اور ڈویزن ٹنڈو الہیار کی سب ڈویزن ٹنڈو الہیار-I میں کارروائیوں کے دوران 117 غیر قانونی کنکشن منقطع اور 700 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 12 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویزن کوٹری کی سب ڈویزن شہباز، ڈویزن ٹنڈو محمد خان کی سب ڈویزن ٹنڈو محمد خان-I اور ڈویزن ٹھٹہ کی سب ڈویزن سجاول میں کارروائیوں کے دوران 140 غیر قانونی کنکشن، 3 ٹرانسفارمر منقطع اور 1075 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 19 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی کی ہدایت پر ڈویزن سانگھڑ کی سب ڈویزن شاہ پور چاکر اور ڈویزن نواب شاہ کی سب ڈویزن دوڑ میں کارروائیوں کے دوران 15 غیر قانونی کنکشن منقطع اور 140 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 7 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل میر پور خاص سرکل فرمان علی ڈاہانی کی ہدایت پر ڈویزن میر پور خاص کی سب ڈویزن سیٹلائٹ ٹاؤن میں کارروائیوں کے دوران 22 غیر قانونی کنکشن منقطع، 600 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 1 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہٰذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویزنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس ذمیدار ہوگا ہماری کارروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہیں گے، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن میں بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں